## سوال

(77) اسلامی ویڈیو کا حکم

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اسلامی ویڈیو کا کیا حکم ہے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

آج کل کے حالات میں ان چیزوں کو ان ناموں کے ساتھ تسلیم و قبول کرنا ممکن نہیں ہے جبکہ ہوا و ہوس بہت بڑھ گئی ہے اور معیارات بدل چکے ہیں۔ ہاں جب اللہ کا حکم ہو گا، حکومت اسلامی قائم ہوگی، اور امید ہے کہ عنقریب ایسا ہونے والا ہے، علمائے شریعت کی مجالس بنیں گی اور وہ ویڈیو کے شرعی طور پر جائز ہونے کے ضوابط پیش کریں گی، تب ان شرعی اصولوں اور علمی قواعد کی روشنی میں اس کے جواز کی بات ہوسکے گی۔ مگر آج جب ہوا و ہوس کا غلبہ ہے تو اس کے جائز ہونے کا نہیں کہا جا سکتا۔ ہاں اگر ہم چیزوں کے غیر حقیقی نام رکھنے کے درپے ہوں، مثلاً اسلامی بنک، اسلامی نغمے وغیرہ۔۔ تب۔۔ (یعنی غلط چیزوں پر ''اسلامی'' کا لیبل لگا کر اسے کسی طرح جائز نہیں کہا جا سکتا۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

## احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

### صفحہ نمبر 134

### محدث فتویٰ